ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (630)

26.11.2023

**بہاولپور(    )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں مسیحی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی کے سخت انتظامات،سینکڑوں پولیس افسران واہلکار ڈیوٹی پر تعینات،مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے،ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں اتوار کے روز مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے۔جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران واہلکار تعینات کیے گئے۔ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر ماموار افسران واہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ ڈیوٹی کی حساسیت کے بارے میں بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی،بعدازاں سیکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔ضلع بھر میں قیام امن کو یقینی بنانے کے لئے مختلف مقامات کے علاوہ ضلع کے خارجی اور داخلی راستوں پر جرائم پیشہ افراد کی نقل وحرکت کیلئے موثر سنیپ چیکنگ کا عمل بھی جاری ہے۔ڈی پی او نے مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایچ اوز اور پٹرولنگ ڈیوٹی پر ماموار افسران اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد گشت کو ہر صورت یقینی بنائیں،کسی بھی مشتبہ اشخاص سے پوچھ گچھ اور اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد رہنے والے غیر متعلقہ افراد پر بھی نظر رکھیں،معاشرتی امن کے لیے بہاولپور میں رہنے والے تمام اقلیتی برادری کی سیکیورٹی کو فول پروف رکھا جائے،غفلت ولا پرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں امن وامان کے حوالے سے دیگر سیکیورٹی فرائض کے ساتھ عبادت گاہوں میں بھی سیکیورٹی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں،ایسے مقامات کی سیکیورٹی جہاں پر عوام الناس بھاری تعداد میں جمع ہوں ایسی جگہوں پر امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے،مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ضلع بھر میں مسیحی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی پر افسران وجوان الرٹ ہو کر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(631)

مورخہ26.11.2023

**بہاولپور(          )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ صدر حاصل پور پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، متعدد ملزمان گرفتار، گرفتار ملزمان سے منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے منشیات فروشی کے مرتکب نذر اقبال کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 2500 گرام چرس برآمد کرلی، جبکہ اسلحہ ناجائز کے رکھنے پر عمر فاروق کو حراست میں لے کر پسٹل 30بور برآمد کرلیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، جرائم پیشہ افراد کے خلاف بھرپور کارروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ صدر حاصل پور پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، متعدد ملزمان گرفتار، گرفتار ملزمان سے منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد